FA	2

राज्य स्तरीय आकलन

सत्र 2019–20

सुझावात्मक गतिविधियाँ

कक्षा : 7वीं — विषय : उर्दू

PAPER CODE : 7061 — पूर्णांक : 10

निर्देश – खण्ड 'अ' से कोई एक गतिविधि तथा खण्ड 'ब' से कोई एक गतिविधि करावें।

खण्ड – 'अ' (अंक 05)

LU704-آموزشی ماحصل:۔ کسی تحریر اور تقریر کا خلاصہ اپنی زبان میں بیان کر سکتا ہے۔

(ا) عظیم شخصیت پر گفتگو یا مذاکرہ۔

عملی کام 1 :۔ ہندوستان کی آزادی لڑائی میں حصّہ لینے والے مجاہدین میں سے کسی ایک پر گروپ میں مذاکرہ کرنا۔

ہدایت: 1۔ استاد موبائل/کتابوں/اخبار کے ذریعہ طلباء کو مجاہدین کے بارے میں بتائیں گے۔

2۔ استاد طلباء کو گروپ میں تقسیم کر کے گفتگو کرینگے۔

3۔ استاد مجاہدین کی تصویر دکھا کر پہچاننے کے لئے کہیں گے۔

4۔ استاد پہچانے ہوئے مجاہدوں کے نام تختہ سیاہ پر لکھتے جائینگے۔

5۔ پہچانے گئے مجاہدین کی حالات زندگی پر استاد طلباء کو بتائینگے۔

6۔ انکی خصوصیات پر آپس میں مل کر گفتگو کرینگے۔

(۲) صوابدیدی بحث

عملی کام 2 :۔ اپنے اعتراف میں کبھی [اخلاقیات/بدعنوائی] اچھّائی یا برائی/خرابی ہوتے ہوئے دیکھی ہو گی یا سنی ہو گی ان تجربوں پر گروپ میں بحث۔

1۔ استاد اوپر دیئے گئے حوالہ کے متعلق طلباء سے گفتگو کرینگے۔

2۔ استاد طلباء کو گروپ میں تقسیم کرینگے۔

3۔ طلباء کی انفرادی طور پر بولنے کے موقع فراہم کرینگے۔

4۔ استاد ضرورت کے مطابق امدادی اشیاء کا استعمال کرائینگے۔

(۳) منطقی عمل دینا۔

عملی کام 3 :۔ موجودہ دور میں ٹی۔وی۔ دیکھنے میں وقت کی بربادی/وقت کا صحیح استعمال پر بحث ومباحثہ۔

ہدایت: استاد ویڈیو فلم، فلم دکھا کر وقت کی بربادی کے بارے میں بتائینگے۔

مثال:۔ کسی طالب علم کے ذریعہ ٹی وی پر خبریں دیکھنا اور کسی دوسرے طالب علم کے ذریعہ سیریل دیکھا جاتا ہے اس پر گفتگو کرنا :۔

1:۔ طالب علموں کو گروپ میں بانٹ کر دئے گئے مضمون پر گفتگو کرانا۔

2:۔استاد طلباء سے ایک ایک باتیں نکلواتے جائینگے۔

3:۔استاد ان باتوں کو تختہ سیاہ پر لکھیں۔

4:۔استاد سبھی طالب علم کو اپنی بات رکھنے کا پورا موقع دینگے۔

5:۔استاد وقت کی پابندی سے متعلق مثالیں دینگے۔ جیسے۔(۱) مہاتما گاندھی (۲) ای۔پی جے۔ابدالکلام کی زندگی میں وقت کی اہمیت کو بتانا۔

खण्ड 'ब' (अंक 05)

LU706 آموزشی ماحصل:۔ڈرامائی مکالمات صحیح تلفّظ اور مہارت کے ساتھ ادا کر سکتے ہیں۔

(۱) مکالمہ نگاری

عملی کام 4 :۔ مکالمہ سن کر صحیح تلفّظ کے ساتھ ادا کرنا۔

ہدایت: 1۔ استاد موبائل کی مدد سے کسی ڈرامے کو دو سے تین بار طلباء کو سنائیں۔

2۔ دو لوگوں کے بیچ کی باتیں طلباء غور سے سنیں۔

3۔ اسی طرح استاد دو طلباء کو آپس میں بات چیت کرنے کے لئے کہیں گے۔

4۔ استاد اس بات کا خیال رکھیں کہ مکالمے کو صحیح تلفّظ کے ساتھ ادا کریں

5۔ ہر طالب علم کو موقع فراہم کیا جائے۔

(۲) جملہ نگاری

عملی کام 5 :۔ اپنے پسندیدہ کھیل/ پھل/ شخصیت/دوست/پر جملے کہنا۔

1۔ استاد طلباء سے اوپر دئے ہوئے کسی بھی عنوان پر چند جملے کہنے کے لئے کہیں۔

2۔ استاد طلباء کے تلفّظ کی ادائیگی پہ دھیان دینگے۔

3۔ استاد یہ کام ہر طالب علم سے انفرادی طور پر کرائیں گے۔

4۔ جملوں کی ادائیگی میں لب ولہجہ میں خاص توجہ دی جائے۔

(۳) ڈرامہ کے ذریعہ

عملی کام 6 :۔ ڈرامہ کی مدد سے ٹریفک قوانین کی سمجھ پیدا کرنا۔

ہدایت: 1۔ اُستاد طلباء کو مکالمات لکھ کر دیں گے۔

2۔ طلباء اپنے رول طے کرینگے اور ان پر مکالمات کو پڑھکر دہرائینگے۔

3۔ استاد اپنی نگرانی میں ڈرامہ کروائیں اور ڈرامہ کے دوران طلباء کو ٹریفک کے قانون کے بارے میں بتائیں۔

4۔ لائیسینس کی اہمیت بتانا۔